469

ایجنڈا

برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

منعقدہ2-مارچ2012

تلاوت قرآن پاک وترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

سوالات

(محکمہ مال وکالونیز)

نشان زدہ سوالات اوران کے جوابات

سرکاری کارروائی

بجٹ13-2012کے لئے ممبران سے تجاویز لینے کی غرض سے

پری بجٹ بحث جاری رہے گی۔

471

صوبائی اسمبلی پنجاب

پندرھویں اسمبلی کا پینتیسواں اجلاس

جمعتہ المبارک،2-مارچ2012

(یوم الجمع،8-ربیع الثانی1433ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز، لاہور میں صبح 9بج کر25منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر رانا محمد اقبال خان منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری عبدالغفار شاکر نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیمo

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِo

فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ الذِّكْرَىٰ ۝٩
سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَىٰ ۝١٠ وَيَتَجَنَّبُهَا الْأَشْقَى ۝١١ الَّذِي
يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرَىٰ ۝١٢ ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ۝١٣
قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّىٰ ۝١٤ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ ۝١٥ بَلْ
تُؤْثِرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ۝١٦ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ۝١٧ إِنَّ
هَٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ ۝١٨ صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ ۝١٩

سُوۡرَةُ الأعلى آیات9تا19

سو جہاں تک نصیحت (کے) نافع (ہونے کی امید) ہو نصیحت کرتے رہو (9) جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت پکڑے گا (10) اور (بے خوف) بدبخت پہلو تہی کرے گا (11) جو (قیامت کو) بڑی (تیز) آگ میں داخل ہو گا (12) پھر وہاں نہ مرے گا اور نہ جئے گا (13) بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا (14) اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا (15) مگر تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو (16) حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے (17) یہ بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے (18) (یعنی) ابراہیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں (19)

وماعلینا الاالبلاغo

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الحاج حافظ مرغوب احمد ہمدانی نے پیش کی۔

نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یا مصطفیٰ خیرالوریٰ تیرے جیا کوئی نہیں
کنوں کھواں تیرے جیا تیرے جیا کوئی نہیں
چولی وچ لے کر سرکار نوں سوہنے مٹھن منٹھار نوں
آکھے حلیمہ سعدیہؓ تیرے جیا کوئی نہیں
اقصیٰ دے وچ آقا میرے پڑھ کے نماز پچھے تیرے
نبیاں نے وی ایہو کیہا تیرے جیا کوئی نہیں

اعلان

سینیٹ کے الیکشن کے لئے اجلاس کی بقیہ کارروائی کا ملتوی کیا جانا

جناب سپیکر: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جیسا کہ آپ کو علم ہے کہ آج سینیٹ کے الیکشن کے لئے پولنگ ہو رہی ہے، ممبران اسمبلی کو ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کرنے کی غرض سے اجلاس کی باقی کارروائی نہیں ہو پائے گی لہذا اب اجلاس بروز سوموار مورخہ 5-مارچ 2012 سہ پہر 3 بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔